جناب طارق معین الدین خان چیئرمین پتہ: او بی ایس پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ 91 ، شاہراہ ایران، بلاک 5 کلفٹن ،کراچی	جناب طارق معین الدین خان تیس (30) سال سے زائد تجربے کے حامل ہیں۔ آپ اس وقت او بی ایس ہیلتھ کئیر پرائیویٹ لمیٹڈ، او بی ایس فارما پرائیویٹ لمیٹڈ، اکلیما سی آر او پرائیویٹ لمیٹڈ ، ا یٹکنسٹوارٹ پاکستان پرائیویٹ لمیٹڈ اور ایسپن فارما پرائیویٹ لمیٹڈ کے بورڈ میں شامل ہیں۔ نیز آپ اعزازی قونصل جنرل برائے نیدرلینڈز ، کراچی؛ سیکرٹری جنرل برائے ورلڈ فیڈریشن آف قونصلز ، برسلز پاکستان چیپٹر کے فرائض بھی سرانجام دے رہے ہیں اور پاکستان اور سری لنکا کے مابین تجارت کے فروغ کیلئے قائم کئے جانے والے فورم کے صدر بھی رہ چکے ہیں۔ اس کے علاوہ ایسپن انسٹیٹیوٹ (امریکہ) پارٹنرز فار نیو بیلڈنگ پروگرام (پی این بی) کے ممبر بھی رہ چکے ہیں جو کہ امریکی صدر اوباما کی جانب سے مسلم دنیا کے کاروباری افراد کے ساتھ مل ایک ایسا اقدام تھا جس کے تحت روزگار کے 500،000 مواقع فراہم کرنا مقصود تھا ۔ آپ نے اپنی پیشہ ورانہ عملی زندگی کا آغازعلاقے کی سب سے بڑی آڈٹ فرم ، ریکٹر اشر اینڈ وائنبرگ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ، مونٹریا ل کینیڈا سے کیا ۔آپ نے 1987 میں جئیویش جنرل ہسپتال (میکگل یو نیورسٹی) میں بطور فنانشل کنٹرولر شمولیت اختیار کر لی۔ بعد ازاں 1993 میں آپ سعودی عرب تشریف لے گئے اور موارد ٹریڈنگ کمپنی (جو کہ سعودی شاہی خاندان کی ملکیت ہے) میں بطور گروپ فنانشل آفیسر شمولیت اختیار کر لی۔ اس کے بعد 1999 میں آپ اورگینان (جو کہ اب مرک اینڈ کمپنی انکارپوریٹڈ یو ایس اے کا حصہ ہے) سے وابستہ ہو گئے۔ بعد ازاں آپ بطور مینیجنگ ڈائریکٹر اورگینان پاکستان تشریف لے آئے۔ اسے کے بعد سعودی عرب کی ذمہ داری بھی آپ کے سپرد کر دی گئی اور آپ بطور مینیجنگ ڈائریکٹر برائے پاکستان و سعودی عرب اپنی ذمہ داریاں نبھانے لگے۔ آپ کو نکو رڈیا یو نیورسٹی ، مونٹریا ل کینیڈا سے فارغ التحصیل ہیں اور آپ نے میکگل یو نیورسٹی سے پبلک اکاؤنٹینسی میں پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ (جی ڈی پی اے) بھی حاصل کیا ۔ اس کے علاوہ آپ اونتاریو کینیڈا سے مصدقہ مینجمنٹ اکاؤنٹنٹ اور کیلیفورنیا یو ایس اے سے مصدقہ پبلک اکاؤنٹنٹ بھی ہیں۔
جناب نوید عابد خان پتہ: شرمین خان فاؤنڈیشن، پہلی منزل بحریہ کمپلیکس II، ایم ٹی خان روڈ کراچی	جناب نوید عابد خان تیس (30) سال سے زائد تجربے کے حامل ہیں جس میں شعبہ بینکاری کا ستائیس (27) سالہ وسیع تجربی بھی شامل ہے۔ اس وقت آپ اپنی اہلیہ مرحومہ کی یاد میں قائم شدہ شرمین خان میموریل فاؤنڈیشن کے چیئرمین اور چیف ایگزیکیٹیو کی ذمہ داریاں سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ کراچی شپ یارڈ اینڈ انجینئرنگ ورکس، فوجی فرٹیلائزر بن قاسم ، دبئی اسلامک بینک، گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی ، خیبر پختون خواہ، این آر ایس پی مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ ، بحریہ فاؤنڈیشن اور گیس اینڈ آئل کمپنی پاکستان کے بورڈ میں بطور ممبر خدمات سر انجام دے رہے ہیں۔ اپنی پیشہ ورانہ عملی زندگی کے دوران آپ نے فیصل بینک لمیٹڈ اور اے بی این ایمرو بینک پاکستان لمیٹڈ میں بطور صدر اور چیف ایگزیکیٹیو ذمہ داریاں سر انجام دیں ، آپ اوورسیز انو یسٹرز چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر بھی رہے اور بطور چیئرمین پاکستان بینکس ایسو سی ایشن، فیصل ایسٹ مینیجمنٹ لمیٹڈ، اکیڈمک بورڈ آف انسٹیٹیوٹ آف بینکرز پاکستان خدمات سر انجام دیں۔ اس کے علاوہ آپ روٹری کلب آف کراچی میٹروپولیٹن میں بطور صدر، انسٹیٹیوٹ آف پاکستان بینکرز میں بطور نائب صدر اور انسٹیٹیوٹ آف بینکرز کونسل میں بطور ممبر بھی ذمہ داریاں نبھاتے رہے ہیں۔ آپ نے بینک آف امریکہ ، پاکستان میں بھی کلیدی عہدوں پر فرائض سر انجام دیئے ہیں۔ آپ نے انڈیانا یو نیورسٹی ، یو ایس اے سے بیچلر آف سائنس کی ڈگری حاصل کی اور بزنس ایڈمنسٹریشن میں ماسٹر کی ڈگری بٹلر یونیورسٹی یو ایس اے سے حاصل کی

جناب ظفر اقبال ثوبانی

پتہ:
مکان نمبر 120/2، اسٹریٹ نمبر 13، خیابان راحت، ڈی ایچ اے، فیز 6، کراچی۔

جناب ظفر اقبال ثوبانی شبعہ پیداوار، تونائی اور آڈٹ میں پاکستان کے اندر اور مشرق وسطی میں کام کرنے کا چالیس (40) سالہ وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ اس وقت آپ فنانس، کاروبار اور توانائی کے شعبوں میں ماہرانہ مشاورت کے امور میں مشغول ہیں اور اس کے علاوہ ایک کاروباری شخصیت بھی ہیں۔ آپ 2014 سے نجکاری کمیشن میں بطور بورڈ ممبر فرائض سر انجام دے رہے ہیں اور نجکاری کے معاملات میں اس دوران آپ کی خدمات گراں قدر ہیں جس میں پی ایس ای اور تونائی کے شعبوں میں آپکی جانب سے پیش کی جانے والی اہم خدمات بھی شامل ہیں۔ علاوہ ازیں، آپ ٹی آر جی ((پاکستان) لمیٹڈ، پرائمس لیزنگ لمیٹڈ۔ پاک برونائی انویسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ کی ایک ذیلی کمپنی، آئی ٹی مائنڈز – سینٹرل ڈپیازیٹری کمپنی کی ایک ذیلی کمپنی اور ہارڈن سولر – شمسی تونائی کے حل پیش کرنے والا ادارہ، کے بورڈ کے ممبر بھی ہیں۔ آپ آئی کیپ کی آڈٹ کمیٹی کے چئیرمین بھی ہیں۔

اپنی پیشہ ورانہ زندگی کے دوران آپ نے 2013 سے 2015 کے دوران دو سال کے عرصے کیلئے ہاؤس آف حبیب کے ساتھ بھی کام کیا جہاں آپ نے نئے پروجیکٹس کے قیام اور رئیل اسٹیٹ مینجمنٹ کے شعبوں میں اپنی خدمات پیش کیں۔ آپ وطن عزیز میں شعبہ توانائی کے اندر زبردست تجربے اور شہرت کے حامل ہیں اور اس شعبے سے متعلق اہم شراکت داروں سے آپکے قریبی روابط ہیں۔ آپکو توانا ئی کے شعبے میں 2011 سے 2013 کے درمیان بطور چیف ایگزیکیٹیو آفیسر حبکو پاکستان آئی پی پی پر مبنی توانائی کے تین پروجیکٹس اور 2008 سے 2011 کے درمیان بطور چیف ایگزیکیٹیو آفیسر لبرٹی پاور 200 میگا واٹ آئی پی پی پروجیکٹ پر کام کرنے کا تجربہ بھی حاصل ہے۔ آپکی پیشہ ورانہ عملی زندگی کا ایک بڑا حصہ سینچری پیپر اینڈ بورڈ ، جو کہ لیکسن گروپ کا حصہ ہے، میں خدمات انجام دینے پر گزرا جہاں 1990 سے 2008 کے دوران آپ نے فنانس، بڑے پیمانے پر پروجیکٹس ٹریژری کیلئے بندوبست برائے تمویلی، لاگتی تجزیات اور سپلائی چین کے شعبوں میں اپنی خدمات پیش کیں۔ اس کے علاوہ آپ پورے گروپ کی سطح پر شعبہ فنانس میں باہمی روابط کی ذمہ داری بھی آپ کے سپرد تھی۔ آپ نے 1985 سے 1990 کے دوران پاکستان آکسیجن لمیٹڈ میں فنانس کے شعبے میں کلیدی عہدوں پر بھی کام کیا ۔ آپ انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی کیپ) کے صدر بھی رہ چکے ہیں اورآپ نے کونسل اور علاقائی کمیٹیوں میں بھی مختلف حیثیتوں میں انتہائی مستعدی کے ساتھ اپنا کردار ادا کیا ہے۔ آپ نے نو سال تک کوالٹی کنٹرول بورڈ میں بطور چئیرمین بھی خدمات سر انجام دی ہیں اور آپ کو یہ ذمہ داری سپرد کی گئی تھی کہ پاکستان میں آڈٹ کے عمل کو مستحکم بنانے کی غرض سے آڈٹ کے معیار کی نگرانی کریں۔ آپ اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی مینیجنگ کمیٹی کے ممبر بھی رہ چکے ہیں۔ آپ 2004 سے 2005 کے دوران پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے اسپانسر ڈائریکٹر کی ذمہ داریاں بھی نبھا چکے ہیں اور آپ کارپوریٹ گورننس کے امور کے سلسلے میں آئی ایف سی کی جانب سے مصدقہ تربیت کار ہونے کا اعزاز بھی رکھتے ہیں۔

آپ نے اسی(80) کی دہائی کے اوائل میں پاکستان سے چارٹرڈ اکاؤنٹینسی اور کوسٹ اینڈ مینیجمنٹ اکاؤنٹینسی میں تعلیم حاصل کی ۔ آپ نے پاکستان میں اے ایف فرگوسن (پی ڈبلیو سی) اور سعودی عرب میں ارنسٹ اینڈ ینگ کے ساتھ بھی کام کیا ہے۔

جناب کامران نشاط پتہ: مولر اینڈ فپس پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ پہلی منزل عظمی کورٹ، مین شاہراہ کلفٹن، کراچی .	جناب کامران نشاط چونتیس (34) سالہ وسیع پیشہ ورانہ تجربے کے حامل ہیں، آپ مولر اینڈ فپس پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ایم اینڈ پی ایکسپریس لاجسٹکس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ٹیک سیرٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ویری بیسٹ برانڈز پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ٹیک سیرٹ ٹیکنالوجیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، لاجیکس (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور او سی ایس روڈ اینڈ ریل کارگو (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے چیف ایگزیکیٹیو آفیسر کے بطور خدمات سر انجام دے رہے ہیں۔ علاوہ ازیں آپ اے بی ایل ایسٹ مینیجمنٹ کمپنی لمیٹڈ، سیان لمیٹڈ اور بریوجین (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے بورڈ میں بھی شامل ہیں۔ آپ اکاؤنٹنگ اینڈ آڈٹنگ اسٹینڈرڈز کمیٹی (غربی) انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی کیپ)،انفارمیشن ٹیکنالوجی کمیٹی (غربی) آئی کیپ، مینیجمنٹ ایسوسی ایشن آف پاکستان کے ممبر اور امریکن بزنس قونصل کے صدر بھی رہ چکے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ سیدات حیدر مورشد ایسو سی ایٹس (پرئیویٹ) لمیٹڈ مینسینئیر مینیجر، مائما گروپ میں گروپ فنانشل کنٹرولر، داؤد ہر کولیس کیمیکلز لمیٹڈ میں جنرل مینیجر کارپوریٹ افئیرز، سینٹرل کاٹن ملز لمیڈ میں ڈپٹی مینیجنگ ڈائریکٹر اور الغازی ٹریکٹرز میں مینیجر فنانس کے عہدوں پر بھی فرائض سر انجام دے چکے ہیں۔ آپ ایک چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ اور آئی کیپ کے رفیق (فیلو ممبر) ہیں۔
جناب محمود یار ہراج پتہ: بلتورو پارٹنرز، 79- بریگیڈ کالونی، لاہور کینٹ	جناب محمود یار ہراج کارپوریٹ فنانس ، انویسٹمنٹ بینکنگ، پرنسپل انویسٹنگ، پرائیویٹ ایکیوٹی اور ایسٹ مینیجمنٹ کے شعبوں میں پندرہ (15) سال سے زائد تجربے کے حامل ہیں۔ آپ نے امریکہ، برطانیہ اور کینیڈا کے عالمی شہرت یافتہ انویسٹمنٹ بینکوں اور مالیاتی اداروں میں خدمات سر انجام دی ہیں۔ اس وقت آپ ٹرائی کون بوسٹن کنسلٹنگ کارپوریشن کے ساتھ بطور بورڈ ممبر وابستہ ہیں۔ آپ نے اپنی پیشہ ورانہ زندگی کا آغاز نیو یارک میں سیلومون نارنے کے ساتھ کیا اور اس کے بعد سٹی گروپ کے فنانشل اسپانسر گروپ کے ساتھ کام کرنے کیلئے لندن روانہ ہو گئے جہاں آپ معروف ترین پرائیویٹ ایکیوٹی فرموں کے ساتھ کام میں مصروف رہے۔ آپ 2012 میں ابو ظہبی گروپ کے ساتھ کام کرنے کیلئے پاکستان تشریف لائے لیکن پاکستان آنے سے قبل آپ نے پانچ سال جے پی مورگن اینڈ اسکوٹیا کیپٹل کے ساتھ کام کیا ۔ اس عرصے کے دوران آپ نے مختلف امریکی، کینیڈین اور دیگر بین الاقوامی فورچیون 500 کمپنیوں اور اسپانسروں کو کمپنیوں کے حصول اور ادغام اور بند وبست تمویل کے سلسلے میں اپنے قیمتی مشوروں سے نوازا۔ آپ نے میکگل یونیورسٹی سے معاشیات میں بیچلرز اور ییل اسکول آف مینیجمنٹ سے ایم بی اے کی ڈگریاں حاصل کیں۔

محترمہ نصرت منشی چیف ایگزیکیٹیو آفیسر پتہ: اے جی پی لمیٹڈ بی-23-سی سائٹ کراچی.	محترمہ نصرت منشی چھبیس (26) سالہ پیشہ ورانہ تجربے کی حامل ہیں۔ آپ اے جی پی لمیٹڈ کی مینیجنگ ڈائریکٹر ہیں اور اس کے علاوہ او بی ایس پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ، او بی ایس ہیلتھ کئیر (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور ایسپین فارما (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے بورڈ کی ممبر بھی ہیں۔ آپ جون 2007 میں اے جی پی لمیٹڈ کے ساتھ وابستہ ہو ئیں اور2009 میں مینیجنگ ڈائریکٹر کے عہدے پر ترقی پانے سے قبل آپ نے اس ادارے میں بطور ڈائریکٹر فنانس، انفارمیشن سسٹمز اور ایچ آر فرائض سر انجام دیئے۔ آپ نے 2014 میں کمپنی کی ملکیت میں تبدیلی کے اہم ترین موڑ پر بڑی کامیابی کے ساتھ کمپنی باگ ڈور سنبھالے رکھی جس کے بعد سے کمپنی طویل المدتی افق پر پہلے سے زیادہ مضبوط حیثیت کے ساتھ سامنے آئی۔ آپ نے اپنی پیشہ ورانہ عملی زندگی کا آغاز بینکنگ انڈسٹری سے کیا اور ٹر یژری، کارپوریٹ اور کریڈٹ کے شعبوں میں دس سال سے زائد تجربے کی حامل ہیں۔ پاکستان میں اے جی پی لمیٹڈ سے وابستہ ہو نے سے قبل آپ نے ایچ ایس بی سی کینیڈا میں بھی کام کیا ایچ ایس بی سی میں آپ بطور ریجنل کارپوریٹ ہیڈ ذمہ داریاں سر انجام دیتی رہیں۔ آپ نے انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن سے بی بی اے آنرز کیا اور پھر ایم بی اے کی ڈگری کوئینز یونیورسٹی کینیڈا سے حاصل کی۔
جناب محمد کامران مرزا پتہ: او بی ایس پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ 91، شاہراہ ایران، بلاک 5 کلفٹن کراچی	جناب محمد کامران مرزا فنانشل مارکیٹس کا گیارہ (11) سالہ تجربہ رکھتے ہیں جس میں بالخصوص انہیں انویسٹمنٹ ایڈوائزری میں خرید اور فروخت کا خاص تجربہ حاصل ہے۔ او بی ایس سے وابستگی سے قبل آپ جے ایس بینک لمیٹڈ سے بطور ایگزیکیٹیو وائس پریزیڈنٹ اور سربراہ برائے انویسٹمنٹ بینکنگ گروپ وابستہ رہے جہاں آپ نے کاروباری حلقوں کو کاروبار کے ادغام، حصول، مختلف النوع کاروبار میں سرمایہ کاری، سرمایہ مارکیٹ میں قرض اور ایکیوٹی پر مبنی سرمایہ کی لین دین وغیرہ پر قیمتی مشوروں سے نوازا ۔ مشاورت کے ان امور میں بطور خاص دواسازی کی صنعت، لاجسٹکس، خدمات برائے تمویل اور صنعت کے شعبے شامل رہے۔ آپ نے 2007 میں بطور تجزیہ کار جے ایس بینک میں شمولیت اختیار کی اور کاروباری ذہانت کے حامل ہونے اور مختصر دورانیئے کے اندر اندر فرینچائز سے بہتر نتائج برآمد کرنے کے فن میں زبردست مہارت رکھنے کی وجہ سے انتہائی قلیل عرصے کے اندر اندر انویسٹمنٹ بینکنگ کے سربراہ کے بطور ترقی پاگئے۔ جے ایس بینک میں شمولیت اختیار کرنے سے قبل آپ کا تعلق کچھ عرصہ معروف مواصلاتی کمپنی سے بھی رہا جہاں آپ بطور پروجیکٹس مینیجمنٹ ایگزیکیٹیو ذمہ داریاں نبھاتے رہے۔ آپ نے انسٹیٹیوٹ آف بزنس مینجمنٹ (سی بی ایم) سے ایم بی اے کی ڈگری حاصل کی اور اس کے ساتھ ساتھ گولڈ میڈل کے ساتھ کامرس میں انڈر گریجویٹ ڈگری کے حامل بھی ہیں۔

جناب شہزادو لنگھ

پتہ:

صوفی ہئیر کٹنگ سیلون
لنگھہ اسٹریٹ مین روڈ
نیو نظر محلہ
لاڑکانہ

جناب شہزادو لنگھ نے اسلامک اسٹڈیز، ایم کام میں ماسٹر کے علاوہ ایل ایل ایم، ایم فل (قانون) کی ڈگریاں حاصل کی ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ آپ نے لیبر لاز انڈسٹرئیل ویلفئیر میں پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ بھی حاصل کیا۔ آپ انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ سیکرٹریز آف پاکستان کے رفیق (فیلو ممبر) بھی ہیں۔ آپ نے سول سروسز کے قوانین پر ایک کتاب بھی تصنیف کی ہے جسے نیشنل بک فاؤنڈیشن کی جانب سے شائع کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ آپ نے "لیبر مینجمنٹ ان اسلام" کے موضوع پر بھی ایک کتاب تحریر کی ہے جسے ہائر ایجو کیشن کمیشن پاکستان اسلام آبادکی جانب سے شائع کیا گیا ہے۔ ان کتابوں کو ماسٹر ڈگری اور پوسٹ گریجویٹ کی سطح پر چھہ کورسز کے نصاب میں شامل کیا گیا ہے۔ آپ وزارت محنت، انسانی وسائل و سمندر پار پاکستانی سے بطور ڈپٹی سوشل سیکیوریٹی ایڈوائزر وابستہ رہنے کے علاوہ اکنامک افئیرز ڈویژن حکومت پاکستان اسلام آباد سے بھی وابستہ رہے ہیں۔ آپ نے 2012 میں حکومت پاکستان کی جانب سے اعلی سول اعزاز "تمغہ امتیاز" بھی حاصل کیا اور آپ کو ہلال احمر سوسائٹی پاکستان کے تا حیات ممبر ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ آپ نے مختلف تعلیمی اور معاشرتی فلاح کیلئے کام کرنے والے اداروں میں بھی خدمات سر انجام دی ہیں۔ آپ متعدد بین الاقوامی کانفرنسوں میں شرکت کر چکے ہیں۔ اس وقت آپ بطور وکیل ہائی کورٹ سے وابستہ ہیں اور انکم ٹیکس کی پریکٹس بھی کرتے ہیں۔

آپ کا اے جی پی کے حصص داران کیلئے پیغام ہے کہ میں کئی اداروں کے حصص کا مالک ہوں جن میں 1۔ نیشنل بینک آف پاکستان، 2۔ حبیب بینک لمیٹڈ، 3۔ ایم سی بی بینک لمیٹڈ، 4۔ حب پاور کمپنی، 5۔ کوٹ ادو پاور کو، 6۔ پی آئی اے، 7۔ پی ٹی سی ایل ، 8۔ بی آر آر گارجین مضاربہ، 9۔ نیشنل بینک مضاربہ، 10۔ آئی جی آئی انشورنس لمیٹڈ، 11۔ سن ریز ٹیکسٹائل ملز، 12۔ آئل اینڈ گیس ڈیو لپمنٹ کمپنی، 13۔ پاکستان انٹر بینک ٹرمینل لمیٹڈ، 14۔ پاکستان انٹر کنٹینر ٹرمینل، 15۔ ٹی آر جی پاکستان، 16۔ کے الیکٹرک لمیٹڈ "روشن پیکجز لمیٹڈ" ، 17۔ کوئس فوڈ انڈسٹریز لمیٹڈ، 18۔ اے کے ڈی اوپورچیونٹی فنڈ، 19۔ پاک اسٹریٹجک ایلوکیشن فنڈ، 20۔ اے جی پی لمیٹڈ، 21۔ چناب لمیٹڈ اور دیگر کمپنیاں شامل ہیں۔

اے جی پی کے حصص داران سے میری اپیل ہے کہ انسانی بنیاودں پر میری حمایت کریں اور میرے حق میں اپنے ووٹ کا استعمال کریں تا کہ ملازمین اور حصص داران کے مفادات کو مد نظر رکھتے ہوئے آزادانہ رائے کے استعمال کو فروغ دیا جا سکے۔